© rasailojaraid.com

پر مشتمل ہے۔ اس طرح دادیِ ہفت خواں کو کامیابی کے ساتھ طے کر لینا لایق مصنف کا ایک بڑا قابلِ قدر ادبی کارنامہ ہے جس پر وہ مبارک باد کے مستحق ہیں امید ہے کہ اربابِ ذوق اس کے مطالعہ سے مسرور و شادکام ہوں گے۔

ذکرِ حبیب مرتبہ جناب خالد مینائی ایم۔ اے تقطیع خورد ضخامت ۱۷۲ صفحات طباعت و کتابت اعلیٰ قیمت مجلد ع۲/۱۲ دو روپیہ بارہ آنے پتہ:۔ مکتبۃ الحبیب عالم گیر مارکیٹ لاہور۔

حضرت امیر مینائی کا نعتیہ کلام عام طور پر بہت مشہور و مقبول ہے۔ گھر گھر بڑے شوق و اشتیاق کے ساتھ پڑھا جاتا ہے اب لایق مرتب نے اس کلام کا انتخاب کر کے دیدہ زیب کتابت وطباعت کے ساتھ شائع کیا ہے اور ساتھ ہی حضرت مرحوم کی نثر کا بھی نمونہ ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حالاتِ زندگی مختصراً لکھے گئے ہیں۔ حضرت امیر مینائی بلند پایہ شاعر ہونے کے ساتھ اونچے درجہ کے عالم اور متقی بھی تھے اس بنا پر روایات کے نقل کرنے میں انھوں نے وہ بے احتیاطی نہیں برتی جو عام طور پر اس قسم کے موقعوں میں برتی جاتی ہے۔ اس طرح یہ کتاب حضرت مرحوم کے نعتیہ کلام نظم و نثر کا ایک بہت خوشنما دیدہ زیب اور دل پسند مجموعہ بن گیا ہے۔ عورتیں اور مرد اس سے یکساں طور پر اپنی مجالس میلاد میں اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

جذباتِ درد از جناب درد کاکوروی تقطیع متوسط ضخامت ۱۲۸ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر قیمت عہ/ پتہ:۔ ع۳ اے ذیل دار پارک اچھرہ لاہور۔

جناب درد نے حضرت محسن کاکوروی کے خاندان سے قریبی تعلق رکھنے کی وجہ سے شاعری کا ذوق موروثی طور پر پایا ہے۔ غزل اور نظم سبھی لکھتے ہیں زبان میں صفائی اور شستگی ہے اور انداز بیان۔ دورِ متوسط کے شعرائے لکھنؤ کا سا ہے۔ لیکن کلام میں پختگی اور استواری پائی جاتی ہے جس سے ان کی کہنہ مشقی کا پتہ چلتا ہے صحتِ زبان کا خاص طور پر خیال رکھتے ہیں۔ شروع میں خود شاعر کے قلم سے ایک طویل دیباچہ ہے جس میں اپنے ذاتی اور خاندانی حالات کے علاوہ اپنی ادبی زندگی کی سرگذشت بیان کی ہے۔

© rasailojaraid.com